سبع سنابل

اردو

مصنف

میر عبدالواحد بلگرامی

فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار لاہور

سبع سنابل

جسے بارگاہِ مصطفٰے علیہ التحیۃ والثنا میں شرفِ قبول حاصل ہوا

مصنّف

میر عبدالواحد بلگرامی

مترجّم

مفتی محمّد خلیل خاں برکاتی

مقدّمہ

از

پروفیسر ڈاکٹر محمّد ایوب قادری

ناشر

حامد اینڈ کمپنی مدینہ منزل ۳۸۔ اُردو بازار۔ لاہور

کتاب ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ سبع سنابل

مصنف ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ میر عبد الواحد بلگرامی

مترجم ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ مفتی محمد خلیل خاں برکاتی

مصحح ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ محمد عبد الحکیم اختر شاہجہانپوری

مطبع ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ عالمین پرنٹرز لاہور

خوشنویس ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ غلام رسول

ناشر ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ سید حامد لطیف چشتی

قیمت ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ ـــ روپے

لے کر سلسلۂ عالیہ چشتیہ کے سب اکابر کا ذکر کیا گیا ہے۔
حامد اینڈ کمپنی نے اس کتاب کے مندرجات کی اہمیت و افادیت کے علاوہ اس وجہ سے بھی اسے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے کہ اکابر کے بیان کے مطابق اس تصنیف کو بارگاہِ حبیبِ کبریا صلی اللہ علیہ وسلم میں مقبولیت کی سند مل چکی ہے اور اسے زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچانا اور اس میں موجود حقائق و معارف سے لوگوں کو مستفید کرنا ذاتِ محبوبِ باری (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کی خوشنودی کا باعث ہو سکتا ہے۔
حضرت شیخ الحدیث مفتی محمد خلیل خاں برکاتی مارہروی مدظلہ نے اس تصنیفِ لطیف کو اُردو میں منتقل کیا ہے۔ مشہور محقق و ادیب جناب ڈاکٹر پروفیسر محمد ایوب قادری نے اس پر فاضلانہ مقدمہ لکھا ہے۔ بعض دوستوں نے عمل کے ذریعے اور بعض نے زبان سے ہمت بڑھائی ہے —— ان سب کے لیے دعا ہے کہ ان کی کوششوں کا اجر عاقبت میں ان کی بہتری کی صورت میں ملے۔ قارئین کرام سے استدعا ہے کہ کتاب سے استفادے کے بعد بزرگانِ چشت کی ارواح کو ایصالِ ثواب کریں اور حامد اینڈ کمپنی کے ارکان کے لیے دُعا کریں کہ انہیں ایسے مزید نیک کام کرنے کی توفیق ملے۔
مرشدی و مولائی حضرت شیخ الاسلام خواجہ قمر الدین صاحب زیبِ آستانۂ عالیہ سیال شریف کی نظرِ کرم کا متمنّی۔

سیّد حامد لطیف

اللہ لِنورِہٖ مَن یشاء (اللہ راہ دیتا ہے اپنے نور سے جسے چاہے) کی تجلیاں اس پر پڑیں اور وہ بجھتا ہوا چراغ، روشنی سے دمکنے لگے اور تمہارے ہاتھ نورِ علیٰ نور کی دولت آئے۔ بیت

پسر نور و پدر نور لیست مشہور
چہ گویم چوں بود نور علی نور

"بیٹا نور ہوا اور باپ بھی نورِ مشہور تو میں کیا بیان کروں جب کہ نور بالائے نور ہے"۔

وہ خدائے قدوس جو کافر کی صلب سے پیغمبر اور پیغمبر کی پشت سے کافر کو پیدا فرماتا ہے۔ اگر اُس کی بخشش کافرزادوں کو بہشت میں پہنچا دے تو تو کس سے فیصلہ کرانے بیٹھے گا اور اگر اس کا جلال اور غضب پیغمبر کی اولاد کو دوزخ کی جانب لے جائے تو تو کس سے جھگڑے گا۔ ٹھیک بات کو غلط بات سے مت بدلو اور اس فعال لِمَا یرید یعنی قادرِ مطلق کی حکومت اور حکمت سے لڑائی مول مت لو۔ نظم

زنار نور شود، گاہ نار از نور ست
خلیل از آزر و کنعاں ز نوح مفطور است

زِحلِّ خل چہ کم آید ازاں کہ فرع می است
بشانِ می چہ فزاید کہ اصلش انگور است

کبھی روشنی سے آگ پیدا ہوتی ہے کبھی آگ سے روشنی۔ ابراہیم خلیل اللہ، آزر بت پرست سے پیدا ہوئے اور کنعان نوح علیہ السلام سے۔ سرکہ حلال ہونے سے اس میں اس سے کیا کمی ہوئی کہ وہ شراب سے بنا۔ اور شراب کی شان اس سے کیا بڑھ جاتی ہے کہ اس کی اصل انگور ہے۔

یہیں سے یہ بھی جاننا چاہیئے کہ اہلبیت کی تین قسمیں ہیں۔ پہلی قسم اصل اہلبیت دوسری قسم داخل اہلبیت اور تیسری قسم لاحق اہلبیت۔ اصل اہلبیت تیرہ نفر ہیں۔ نو ازواجِ مطہرات اور چار صاحبزادیاں۔ اور داخلِ اہلبیت تین نفر ہیں، علی مرتضےٰ اور حسن اور حسین رضی اللہ عنہم اور لاحق اہلبیت وہ لوگ ہیں جن کو اللہ تعالےٰ نے ناپاکیوں اور گناہوں سے کلیتہً پاک کر دیا ہے اور ان کو کمال تقوےٰ اور پاکیزگی عنایت فرمائی ہے۔ خواہ وہ سادات ہوں یا سادات کے علاوہ۔ چنانچہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ